# بوڑھی کاکی

**پریم چند**

I ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے : **One Mark Questions**

۱ بڑھاپا اکثر کیا ہوتا ہے؟(K)
۲ بچپن کا دورِثانی کیا ہوتا ہے؟(K)
۳ بوڑھی کاکی میں کونسی حس باقی تھی؟(K)
۴ کاکی کی جائیداد کی سالانہ آمدنی کتنی تھی؟(K)
۵ بوڑھی کاکی کا دنیا میں کون تھا؟(K)
۶ بدھ رام کے وعدے کیسے تھے؟(K)
۷ کاکی نے ساری جائیداد کس کے نام لکھ دی تھی؟(K)
۸ بدھ رام کی نیکی کو کونسا خوف دبائے رکھتا تھا؟(K)
۹ بدھ رام کب آگ بگولا ہو جاتے تھے؟(K)
۱۰ بوڑھی کاکی کیسے روتی تھی؟(K)
۱۱ سارے گھر میں کاکی کو کس سے محبت تھی؟(K)
۱۲ تلک کس کا تھا؟(K)
۱۳ تلک کے جشن کی بیہودگیوں سے کون بیزار تھے؟(K)
۱۴ کھانے کے وقت عورتوں نے کیا بجانا شروع کیا؟(K)
۱۵ بوڑھی کاکی کی چشم خیال میں کس کی تصویر ناچنے لگی؟(K)
۱۶ روپا، بوڑھی کاکی پر کس طرح جھپٹی؟(K)
۱۷ لاڈلی نے اپنے حصے کی پوریاں کہاں چھپا رکھی تھیں؟(K)
۱۸ پریم چند کے مطابق صبر کا باندھ ٹوٹ جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟(K)
۱۹ روپا نے کونسا عبرت ناک نظارہ دیکھا؟(K)
۲۰ بوڑھی کاکی کو جھوٹے پتلوں پر سے پوریوں کے ٹکڑے اٹھا کر کھاتے دیکھ کر روپا کی حالت کیا ہوئی؟(K)
۲۱ 'بوڑھی کاکی' کے افسانہ نگار کون ہیں؟(K)
۲۲ 'بوڑھی کاکی' کا تعلق اُردو نثر کی کونسی صنف سے ہے؟(K)

II ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے : **Two Mark Questions**

۱ بوڑھی کاکی کب رونے لگتی تھی؟(C)

۲ بوڑھی کا کی کے شوہر اور بچوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟(C)

۳ بدھ رام اور روپا طبیعت کے کیسے تھے؟(C)

۴ لڑکے، بوڑھی کا کی کو کس کس طرح ستاتے تھے؟(C)

۵ بدھ رام کو اپنی ناانصافی کا احساس ہوتا تو وہ کیا سوچتے تھے؟(C)

۶ لاڈلی کیسی لڑکی تھی؟(C)

۷ بوڑھی کا کی اور لاڈلی میں محبت اور ہمدردی کی وجہ کیا تھی؟(C)

۸ تلک کے جشن کے لیے کونسے پکوان پکائے جا رہے تھے؟(C)

۹ تعلیم یافتہ مہمان کونسی قید کو بے معنی اور مہمل سمجھتے تھے؟(C)

۱۰ کھانا کھاتے ہوئے مہمانوں کے بیچ بوڑھی کا کی کو دیکھ کر بدھ رام نے کیا کیا؟(C)

۱۱ بوڑھی کا کی نے اپنی کوٹھری میں جا کر پچھتاتے ہوئے کیا سوچا؟(C)

۱۲ لاڈلی کی لائی ہوئی پوریاں کھانے کے بعد کا کی نے کیسا محسوس کیا اور لاڈی سے کیا کہا؟(C)

۱۳ فتورِ عقل کے باوجود بوڑھی کا کی کیا جانتی تھی؟(C)

۱۴ رات میں جب روپا کی آنکھ کھلی تو اس نے کیا دیکھا؟(C)

۱۵ روپا نے رقت آمیز لہجے میں کا کی سے کیا کہا؟(C)

## III ان سوالوں کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے: Four Mark Questions

۱ سکھ رام کے تلک کے جشن کا منظر افسانہ نگار نے کس طرح بیان کیا ہے؟(C)

۲ بوڑھی کا کی نے پوریوں اور کچوریوں کے بارے میں کیا کیا سوچا؟(C)

۳ بوڑھی کا کی اپنی اندھیری کوٹھری میں خیالِ غم کی طرح بیٹھی کیا سوچ رہی تھی؟(C)

۴ بوڑھی کا کی کو کڑاہ کے پاس بیٹھے دیکھ کر روپا نے کیا کہا؟(C)

۵ بوڑھی کا کی کے ساتھ کیے گئے بدھ رام اور روپا کے برتاؤ کو دیکھ کر لاڈلی نے کیا سوچا پھر کیا کیا؟(C)

۶ بے ہوشی کے بعد جب کا کی کو ہوش آیا تو اس کے ذہن میں کیا کیا خیال آئے؟(C)

۷ رات کے گیارہ بج چکے تو لاڈلی نے کیا کیا؟(C)

۸ روپا کی آنکھیں درد اور خوف سے کب بھر آئیں اور کیوں؟(C)

۹ بوڑھی کا کی کے کردار پر مختصر نوٹ لکھیے؟(C)

۱۰ افسانہ 'بوڑھی کا کی' کا مرکزی خیال کیا ہے؟(C)

## IV ان جملوں کے متن کے حوالے سے تشریح کیجیے: Two Mark Questions

۱ ''کسے پکاروں۔ آج لاڈلی بھی نہیں آئی''(K)

۲ ''ایسے پیٹ میں آگ لگے۔ پیٹ ہے کہ آگ کا کنڈ ہے''(K)

۳ ''تم کوئی دیوی نہیں ہو کہ چاہے کسی کے منہ میں پانی تک نہ جائے، لیکن پہلے تمہاری پوجا کر دے''(K)

۴ ''ڈائن نہ مرے نہ ماچا چھوڑے''(K)

۵ ''ارے! یہ کون بڑھیا ہے؟ یہ کہاں سے آ گئی؟ دیکھ کسی کو چھومت رے''(K)

۶ ''کاکی اٹھو۔ میں پوریاں لائی ہوں۔''(K)

۷ ''کاکی! پیٹ بھر گیا؟''(K)

۸ ''نہیں بیٹی! جا کے اماں سے اور مانگ لاؤ''(K)

۹ ''اماں سوتی ہیں۔ جگاؤں گی تو ماریں گی''(K)

۱۰ ''پرماتما۔ میرے بچوں پر رحم کرنا۔ اس ادھرم کی سزا مجھے نہ دینا''(K)

.....................................